مقالاتِ سعیدی
حضرت علامہ غلام رسول سعیدی
فرید بک سٹال

مقالاتِ سعیدی

از رشحاتِ فکر

حضرت علامہ مولینا غلام رسول سعیدی

شیخ الحدیث دار العلوم نعیمیہ کراچی ۳۸

فرید بُک سٹال ○ اردو بازار لاہور

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نام کتاب : مقالاتِ سعیدی

تالیف : علامہ غلام رسول سعیدی

کتابت : محمد ادریس، وار برٹن، شیخو پورہ

تصحیح : مولانا حافظ محمد ابراہیم فیضی

الطبع السادس : ستمبر ۱۹۹۶ء

الطبع السابع : ربیع الاول ۱۴۲۲ھ / مئی ۲۰۰۱ء

مطبع : ہاشم اینڈ حماد پرنٹرز، لاہور

ہدیہ : -/150 روپے

ناشر

فرید بک سٹال (رجسٹرڈ) ۳۸۔ اُردو بازار لاہور

فون نمبر 042-7312173 ، فیکس نمبر 092-042-7224899

ای۔ میل نمبر faridbooks@hotmail.com

ببیض النعام فقال انا قوم حرم اطعموہ اهل الحل۔

علیہ السلام کی خدمت میں شتر مرغ کے انڈے لائے گئے آپ نے فرمایا میں محرم ہوں جو لوگ غیر محرم ہیں ان کو یہ کھلا دو۔

(بحوالہ نیل الاوطار ج ۵ ص ۲۳)

شتر مرغ کا انڈا تمام پرندوں کے انڈوں میں سب سے بڑا انڈا ہے اور جب اس کے کھانے کے بارے میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا حکم موجود ہے تو باقی حلال پرندوں کے انڈے بطریق اولیٰ جائز قرار پائے علاوہ ازیں امام بیہقی شعب الایمان میں حدیث مرفوع بیان کرتے ہیں۔

ان نبیا من الانبیاء شکیٰ الی اللہ سبحانہ الضعف فامرہ باکل البیض وفی ثبوتہ نظر ویختار من البیض الحدیث علی العتیق وبیض الدجاجۃ علی سائر بیض الطیر

انبیاء سابقین سے ایک نبی نے اللہ تعالیٰ سے اپنی کمزوری کا ذکر فرمایا۔ اللہ تعالیٰ نے انکو انڈے کھانے کا حکم فرمایا (روایت محل نظر ہے) اور تازہ انڈوں کو باسی انڈوں پر اور مرغی کے انڈوں کو دیگر پرندوں کے انڈوں پر ترجیح دینی چاہیئے۔

(بحوالہ زاد المعاد جلد ۳ ص ۱۵۰)

اور فتاویٰ عالمگیری میں ہے:۔

البیضۃ اذا خرجت من دجاجۃ اکلت۔ (عالمگیری جلد ۵ ص ۲۳۹)

اگر مرغی مر جائے اور اس میں سے انڈا نکال لیا جائے اسے کھایا جا سکتا ہے۔

اور امام ابن بزاز کردری فرماتے ہیں:۔

ماتت الدجاجۃ وفی بطنہا بیضۃ توکل بحوالہ فتاوی بزازیہ علی ھامش الہندیہ۔ جلد ۶ ص ۳۶۵)

مرغی مر جائے اور اس کے پیٹ میں انڈا ہو تو نکال کر کھا لیا جائے۔

اور جب مردہ مرغی کے پیٹ سے انڈا نکال کر کھانا جائز ہے تو زندہ سے حاصل شدہ انڈے بطریق اولیٰ جائز قرار پائیں گے۔ بہر حال ان تمام تصریحات سے آفتاب سے زیادہ واضح ہو گیا کہ مرغی اور دیگر حلال پرندوں کے انڈے کھانا جائز ہے۔